USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM

UPSS

Shaping the leaders of Ummah

عثمان پبلک اسکول سسٹم
کیمپس-۲

# صدائے عثمان

نیوز لیٹر—۲۰۲۳

# VISION

Nurturing generations to serve the role as leaders of Ummah.

# MISSION

To motivate the students in becoming future leaders, capable of providing guidance to the Muslim Ummah in all spheres of life and lead the contemporary world in accordance with the teachings of Islam.

# THE MESSAGE OF THE QUR'AN

Then do they not reflect upon the Quran? If it had been from [any] other than Allah, they would have found within it much contradiction.(Nisa:82)

# THE MESSAGE OF THE HOLY PROPHET

Islam is based on five things: the testimony that there is no god but Allah and that Muhammad (peace and blessings of Allah be upon him) is His servant and messenger, the observance of the prayer, the payment of Zakat, the pilgrimage, and the fast during Ramadan.
(Bukhari, Muslim).

# ENGLISH EXHIBITION

## Learning English Through Models:

A unique exhibition was organized by campus 2 on Thursday, 26th January,2023, under the supervision of Mr. Zeeshan Umar (Academic Coordinator) & Mr. Bilal Hashmi (Coordinator English), supported by English faculty members. The aim was to build confidence and illustrate our learners' language ability with the help of models.

**Students showcased their potential in;**

- Presentation skills (fluency)
- Language & Organization (appropriate vocab, grammar, and linking structure)
- Delivery (Pronunciation, stress & intonation)
- Body language & eye contact
- Models (visual props)

Parents and teachers from other campuses were warmly welcomed and praised the remarkable performance by grade 7 and 8 students. The exhibition was captivated by their composure, confidence, and knowledge, all on clear display. Synchronizing a range of grammar topics and especially role plays.

Students from other classes were absolutely mesmerized by the presentation, skits, stories, and dialogues written by our middle school students. They demonstrated their confidence, speech delivery with great expression and voice modulation.

A memorable day came to an end, and the participants returned home with great joy. These types of activities keep the students active, encouraged, and confident. All the hard work by students and English faculty led this exhibition to a true success.

We wish them very best for their next level of academic achievement.

## BENEFITS OF SPORTS

Sport is a healthy activity that gives people a lot of strength and stamina. One of the greatest sports that I like is football.

Football is an international sport and the World Cup happens every four years, which gives people a lot of excitement and entertainment. Football is played with eleven players, one goalkeeper, three midfielders, and three strikers. Every national team puts in so much effort to win the World Cup trophy. Our beloved country, Pakistan, also has a significant role in football, such as exporting high-quality football. In Shaa Allah, Pakistan's national football team will also play in the FIFA World Cup one day.

However, sports break the monotonous life and create interest, enthusiasm, and excitement in our life. Sports enable us to show cooperation, unity, and discipline in our social life.

**Mudassir Hussain(VII-Red)**

## A MEMORABLE TRIP.

A trip that I'll never forget is a trip to Swat. We started our trip after offering Salat-ul-Fajr. That was the day I was really excited about because that was my first experience travelling in an airplane. Finally, we landed at Islamabad airport after three hours of traveling. My family and I were very tired, so we took a rest in a hotel. The very next day, we began our journey by road. On the way to our resort, I saw mighty mountains, scenic plateaus, and lush green valleys. Then, after one hour of driving, we stopped by a cafe for a little bit of rest. When we told the waiter that we belonged to Karachi, he treated us with great respect.

Finally, after six hours of travelling, we arrived in Swat. Then we stayed in the hotel that we had already booked. After one day of rest, we are going to start our journey to Malam Jabba. On the way to Malam Jabba, we saw many snow-capped mountains surrounded by clouds, meandering roads, and the Swat River. Finally, after climbing many fascinating mountains, we reached Malam Jabba and we were lucky to find snowfall there. We made a snowman and played snowballs with our cousins. From the top, we could see the whole city, which looked very precious. We spent our whole day playing in snow-laden mountains.

In the end, we had to leave Swat for our homeland, but my heart didn't allow me to leave such a scenic and breathtaking place. We departed from Swat to Islamabad and took a flight back to Karachi. My heart was still stuck on the fascinating scenes of Swat.

**Mirza Amin Baig (VII-Red)**

## A BAD HABIT.

Once upon a time there was a boy named Hammad. He was a very good boy but there was a bad habit in him. He used to tease small animals like cats and dogs etc. one day when he was coming from school he sat under the shade of a tree to take rest. Suddenly he heard his name called by someone. He got up and saw there were many cats and dogs. They all circled around him and wanted to kill him. He then prayed and promised to ALLAH S.W.T that he will never tease any animal if he escaped from their control. Suddenly his eyes opened and he thanked ALLAH S.W.T that it was a dream. He then promised himself that he will never tease any animal. From that day he became a good boy.

**Syed Muhammad Bilal (V-Green)**

## PAKISTAN TOUR

Do you know about Pakistan? It is the most beautiful place in the world that I have visited. The trip was so amazing and exciting. Let me tell you that I still feel the refreshing moment I had visiting Pakistan. It all started when I was scrolling down on my social media and came across a website that had all the information about Pakistan. As soon as I read it, I couldn't resist going there. So I packed up all my luggage and went straight to the airport. It wasn't so much fun on the flight, but as soon as I landed I didn’t have a moment in which I felt bored. I landed in Islamabad and it was like a dream. It's a very peaceful place. It has historical places such as the Faisal Mosque and Daman-e-Koah. From there, I took a train to Kashmir. Kashmir is just overloaded with beauty. It's literally like heaven. I stayed there for two days; those were my life’s most memorable. When I was done exploring this heaven-like valley, I only had four days left until my return flight. So, without wasting my time, I went to Naran. Naran is like a mixture of waterfalls, ponds, and quietness. That place is so calm that I wanted to spend my whole life just mediating there, but I got on a flight back to my home country with my heart still stuck there.

**Hafiz Muhammad Haris (VII-Red)**

## OBEDIENCE IS THE KEY TO SUCCESS

Once upon a time there was a boy whose name was Raza. He was very intelligent and he always got 1st position in the class. He wished to his father that I want a tablet when I got first position in class. His father advised him that please Raza buy another gift rather than tablet because you will waste your time in tablet. He promised his father he will not waste his time.

When he got first position in class his father bought a tablet for him and said to him that don’t waste time and give first priority to your studies and then play games in tablet. After few days Raza forgot his promise and waste his time on computer and tablet. His mother advised him to not to waste your time and focus on your studies but he never listened. When his paper started he was not very well prepared as he was before.

When the teacher announced the result he got the average result for the first time. He was ashamed on his performance.

He said sorry to his parents and then started to focus on his studies. In the next term he got first position and became happy and got a lesson regarding obedience and wasting time.

**Moral: Don’t waste your time and always give priority to your studies.**

**Syed Muhammad Ahmed (V-Green)**

**AN EXCURSION TRIP**

That was the day when our final exams came to an end. Our principal looked courageous while announcing that the school would be taking all students on an exciting Study TRIP. All the candidates were happy, including me. We were asked to submit a nominal fee for the trip, which was done promptly.

The bus we were riding in was a perfect example of beauty roots and natural beauty. The moment we arrived, finally we saw the historical museum (PAF Museum). We were given the price of the full dishes and their arrangements. Also, an introduction to the air forces and their fearless pilots. All are real heroes. The one I like the most was "Mehmood Alam", the air commodore who downed 4 Indian jets in under a minute. We enjoyed art galleries depleting the history of aerial warfare. Fighter jets and other models captivated all of us. It was the most remarkable trip of my student life.

The time I spent there was like the first drop of rain in the desert. Anyways, by the evening, we arrived back at school. After going home, I told my parents everything about the trip. I enjoyed the dinner and after a while, I slept peacefully.

**Abdullah Iqbal (VII-Red)**

**FIRST DAY AT UPSS C II**

On a bright beautiful day
There was a rain every way
It was my first school day
I was quiet nervous that day
When I entered school teacher say
Welcome my boy in a lovely way
I sat in a class three A
Every child greet in a separate way
When a bell rung turn turn turn
We were glad to for play
Playing, learning and laughing
It was my memorable day
Which I never forget any way

**Abdul Haseeb Hashmi (V-Green)**

## APPEARANCE ARE DECEPTIVE

Yesterday, I saw a boy in a park with his mother. They saw animals and different rides in the park. The boy asked his mother, "Mum, What is this animal called?" His mom replied, "It's a monkey, my loving son." "What is this cute animal called", the boy pointed out to another animal. "This is called a rabbit, dear son."
There were two other naughty boys. They were looking at the boy and laughing at his innocence. One of them said, "Look at that boy, he doesn't even know the name of animals." The mother of that boy was listening to everything carefully. She replied, "You should not make fun of someone until you know the reality. He was blind by birth but a person donated his eyes to him before dying." The naughty boys were ashamed of their act and apologized.

**Abdul Rehman (VIII-Blue)**

## A PRECIOUS BLESSING

One of the greatest blessings of Allah SWT is water. Water is spread over a large area of the world. Water is always present in the atmosphere in the form of vapors. No living things can live without water. Water is very important in our lives. Some great sources of water are the river, the seas, oceans and rain.There are some activities related to water, for instance, swimming and surfing. Sometimes water turns into a flood and creates great havoc that is able to destroy cities or even countries in some cases. Water is crucial for our body.Our body's system works with water, as the urinary system works with water and all waste material leaves the human body in the form of urine and sweat.We must be thankful to Allah for this blessing.

**Mujtaba Ali (VIII-Blue)**

## LIFE LESSON

One day, our English teacher, Sir Ghufran Basit, entered our class and announced an Inter Campus Writing Competition, and encouraged us to join the competition. He also described and explained the rubrics for this competition. For example, word limit, convention, the use of suitable vocabulary etc. My classmates and I participated in the first round, and fortunately, one of my friends and I was selected for the final round.
The final round was held in another campus. We reached there in time with our teacher. There were several students from different campuses. I found some of my kindergarten friends who were studying on another campus. We met each other and had a little chat. Then we headed toward the library where we were again reminded of the rubrics of this competition. We were given particular genres for writing.

When we were finished, we left for our campus. The journey was adventurous and fun. When we arrived at the campus, we offered salah and attended the last period of the day. We waited for our result for days. I thought that they forgot to check it.
One morning, it was a normal school assembly when our principal showed up on the stage and announced the winners of the writing competition. I expected my name to be announced in the first place, but I got the second position. With a silver trophy and sadness on my face, I went back to my class. I was ashamed because I couldn't achieve the best position for my class, but my classmates appreciated me a lot. They made me feel better. I learned an important lesson that day. "Being the first position holder is not always important, sometimes it is good to be the second one."

**Noman (VIII-Blue)**

# ارشاداتِ باری تعالیٰ

جنت والے جب جہنم والوں سے پوچھیں گے کہ کیا چیز تم کو دوزخ میں لے آئی تو وہ کہیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔ (المدثر:42،43) شہیر احمد (پنجم زرد)

سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ میں نہ پڑو۔(آل عمران :103)
محمد صدیق (پنجم سبز)

جو لوگ بنا دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں یقینا ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔(الملک:12)
معاویہ (پنجم آبی)

بے شک نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔(النساء:103)
شارم علی (پنجم سبز)

بے شک نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔(النساء:103)
شارم علی (پنجم سبز)

# ارشاداتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔(بخاری)

عمر صدیقی (چہارم آبی)

جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو فرشتہ اس کے جھوٹ کی بدبو کی وجہ سے ایک میل دور چلا جاتا ہے۔(ترمذی)

عکرمہ (چہارم آبی)

نماز جنت کی کنجی ہے۔(ترمذی)

علی عثمان (چہارم آبی)

جنت میں ایسے لوگ داخل ہوں گے جن کے دل چڑیاں کی طرح نرم ہوں گے۔(مسلم)

مجیب الرب (چہارم آبی)

## ذرا مسکرائیے۔

ایک آدمی دوسرے سے کہتا ہے: تمہاری اوقات کیا ہے؟

دوسرا جواب دیتا ہے: جب بڑے بڑے ڈاکٹروں کی دو دو گھنٹے کی اوقات ہے تو میری کیا ہو گی۔

علیان ماجد (چہارم آبی)

"استانی بچوں سے:" آرٹ کی کاپی پر ریل (ٹرین) بناؤ ،میں پانچ منٹ میں آتی ہوں۔

استانی کچھ دیر بعد واپس آکر ایک شاگرد سے پوچھتی ہیں: ریل( ٹرین) دکھاؤ۔

شاگرد: آپ تاخیر سے پہنچیں، ٹرین دو منٹ پہلے ہی نکل گئی ہے۔

محمد علی (چہارم آبی)

استاد بچے سے: بھینس دم کیوں ہلاتی ہے؟

بچہ(معصومیت سے ): سائنس کے اصول کے مطابق دم میں یہ طاقت نہیں ہوتی کہ وہ بھینس کو ہلاسکے۔

غلام حیدر (چہارم آبی)

استاد شاگرد سے: بتاؤ،سائنس دان کسے کہتے ہیں؟ شاگرد: جس چیز میں سائنس رکھی جائے۔

احمد جہانزیب (چہارم آبی)

ایک آدمی بس میں سفر کررہا تھا۔اس کے آگے والی سیٹ پر ایک عورت بار بار اپنے بچے کو کہ رہی تھی کہ یہ حلوہ کھالو نہیں تو میں پیچھے والے انکل کو دے دوں گی۔جب عورت نے چوتھی بار اپنے بچے کو یہی کہا تو وہ آدمی بولا۔بہن جی!آپ جلدی فیصلہ کرلیں آپ کی وجہ سے میں پہلے ہی چار اسٹاپ آگے آچکا ہوں۔

احد شبیر (چہارم آبی)

# سنہری باتیں(اقوالِ زریں)

دشمنوں کے درمیان بات چیت اس طرح کرو کہ اگر وہ دوست بھی بن جائیں تو شرمندگی نہ ہو۔

دائم خان (پنجم آبی)

جب حلال و حرام جمع ہو جائیں تو حرام غالب ہوتا ہے،چاہے وہ تھوڑا سا ہی ہو۔

داؤد یاسر (پنجم سبز)

دو چیزیں اپنے اندر پیدا کرلو،چپ رہنا اور معاف کرنا،کیونکہ چپ رہنے سے بڑا کوئی جواب نہیں اور معاف کرنے سے بڑا کوئی انتقام نہیں۔

صارم حنفی (پنجم زرد)

توکل سیکھنا ہے تو پرندوں سے سیکھو کہ وہ جب شام کو گھر جاتے ہیں تو ان کی چونچ میں کل کے لیے کوئی دانہ نہیں ہوتا۔

محمد سبحان (پنجم سرخ)

زندگی میں صبر،شکر اور محبت تینوں چیزوں کا بڑا رتبہ ہے۔صبر مصیبت کو ٹالتا ہے،شکر نعمت کو بڑھاتا ہے اور محبت خوشیوں کا خزانہ ہے۔

عبدالصبور درانی (پنجم جامنی)

# ذرا سوچ کر بتائیں!! (پہیلیاں)

گونج گرج جیسے طوفان
چلتے پھرتے چند مکان
جن کے اندرایک جہان
پہنچے پنڈی سے ملتان
دائم خان (پنجم آبی)

وہ کیا ہےجو آپ کو منزل تک پہنچاتی ہے پر خود وہی رکی رہتی ہے۔
داؤد یاسر(پنجم سبز)

ایسی کونسی چیز ہے جو باندھنے کے بعد بھی چلتی ہے۔
صارم حنفی(پنجم زرد)

ہری تھی من بھری تھی، راجا جی کے باغ میں دو شالہ اوڑھے کھڑی تھی۔
محمد سبحان (پنجم سرخ)

اس کے ہوتے کچھ نہ کھایا
کھایا جب اس کو نہ پایا
چھوڑو مت تم اس کا ہاتھ
لے لو اس کو ہاتھوں ہاتھ
عبدالصبور درانی (پنجم جامنی)

جوابات۔
ریل-سڑک-ہاتھ کی گھڑی-بُٹہ-روزہ

## پیغام

## خالدزمان شیخ(پرنسپل)

علم ایک ایسی قوت ہے جو دنیا کی تمام تر قوتوں سے افضل ہے اور جس کے زوال کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ قدرت کے سربستہ رازوں کا انکشاف علم ہی کی بدولت ہوا۔ علم کی وجہ سے دنیا کی تمام وسعتیں آج کے انسان کے سامنے سمٹ گئیں ہیں۔ دوریاں قربتوں میں بدل گئی ،ہیں، انسان ہوا پر قابو پاچکا ہے۔ فضا میں پرواز کرسکتا ہے۔ آج کا انسان خلاکی وسعتوں پر حاوی ہے، چاند پر اپنی فتح کا جھنڈا گاڑ چکا ہے علم ہی کی بدولت وہ مظاہرِ قدرت جنھیں وہ پوجتا تھاآج اس کی خاکِ راہ ہیں، علم ہی کا کرشمہ ہے کہ جس پر عمل کرکے آج ہم گھر بیٹھے دیگر ممالک کے حالات سنتے اور دیکھتے ہیں اور مزید معلومات حاصل کررہے ہیں۔

علم ساری رفعتوں کانقطہ آغازہے\
عرش و کرسی سے بھی آگے علم کی پرواز ہے\
علم نے آدمؑ کومسجودِ ملائک کردیا\
علم نے انسان کو حکمت کاسیم وزردیا

تعلیم میں جہاں نصابی سرگرمیوں کی خاص اہمیت ہے وہیں ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی پیش پیش رہنا ایک طالب علم کے لیے بہت ضروری ہے۔ششماہی نیوز لیٹر اسی کی ایک کڑی ہے کہ جس کے ذریعے طلبا اپنی تحریری اور فکری صلاحیتوں میں اضافے کے ذریعے تعلیمی میدان میں پیش قدمی کرتے نظر آتے ہیں۔یقیناً ان بچوں کی یہ کاوشیں ان کے روشن مستقبل کی ضامن ہیں۔سیشن کے اختتام پر یہ نصیحت بھی یادرکھیے کہ علم پر عمل کیجیے، بالخصوص اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط کیجیے،قرآن مجید سے رشتہ قائم کیجیے،بڑوں کاادب اور خدمتِ خلق کے کاموں میں اپنے آپ کو پیش پیش رکھیے۔یقیناً اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہوں گے۔اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو۔

## رقصِ بسمل(تاثرات)

## ارحم بیگ(دہم آبی)

مجھے اپنی زندگی کے سولہ سال گزرنے کے بعد ایک نہایت اٹل حقیقت کا احساس ہوا ہے کہ زندگی اک راز ہے،ایک پہیلی ہے جس میں سوالات زیادہ اور جوابات کم ہیں۔میں نے اپنے سولہ سال اس سچ کو جاننے میں گزار دیے۔افسوس! معلوم ہی نہیں ہوا کہ کب میں نے ہوش سنبھالا؟کب میرا بچپن گزرا؟اور کب میں بڑا ہو کر نوجوان بن گیا؟وقت کیسے گزرا کبھی پتہ ہی نہیں چلا۔کب اسکول میں داخلہ ہوا؟ کب اسکول ختم ہوگیا؟

ابھی کل ہی کی تو بات ہے کہ میرا اسکول کا پہلا دن تھا۔ امی نے پیار سے اٹھایا، اٹھو ارحم کیا اسکول کے پہلے دن بھی دیر سے جاؤ گے؟ میں صبح تیار ہورہا تھا۔امی نے میرا ماتھا چوم کر رخصت کیا۔ اسکول میں سارا دن بہت مزہ آیا۔ واپسی پر بابا مجھے لینے آئے ہوئے تھے۔میں دوڑ کر ان سے لپٹ گیا۔گھر گیا تو سارے دن کی روداد سناتے سناتے زبان نہیں تھکتی تھی۔ کھانا کھا کر اتنا تھک چکا تھا کہ بستر پر لیٹتے ہی سو گیا۔بڑی میٹھی نیند آئی، کچھ دیر بعد امی نے مجھے جھنجوڑا، اٹھو ارحم! دیر ہو رہی ہے، اب کیا اسکول کے آخری دن بھی دیر سے جاؤ گے؟

میں نے حیرانی سے آنکھیں کھولیں تو امی کے چہرے پر قدرے جھریاں نظر آئیں۔ ان کے بال کنپٹیوں سے سفید ہوچکے اور آواز میں تھوڑی سی لرزش آ چکی تھی۔ میں بستر سے اترا تو کچھ غیر معمولی محسوس ہوا، میں کافی بڑا ہو چکا تھا، اس بات کا اندازہ مجھے اس طرح ہوا کہ جب میں نے باتھ روم کے دروازے کی کنڈی خود کھولی۔ کل تک تو میں اس کام کے لیے دوسروں کا محتاج تھا۔میرے ذہن میں دھماکے ہو رہے تھے کہ ابھی تو اسکول کا پہلا دن تھا۔اتنی جلدی یہ سب کیسے ختم ہوگیا؟ یہ سوالات میرے ذہن میں اٹھ ہی رہے تھے کہ میں نے آئینے میں اپنا چہرہ دیکھا۔میرا چہرہ کافی حد تک بڑا ہو چکا تھا اور اس پر ہلکی داڑھی بھی آ چکی تھی۔آواز بھی باریک سے مردانہ اور بھاری ہو چکی تھی۔میں نے آئینے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اپنے آپ کو دیکھا۔ خود کو ایک چٹکی نوچی کہ شاید یہ سب ایک خواب ہو اور میری آنکھ کھلے اور میں پھر سے چھوٹا ہو جاؤں۔ شام کا وقت ہو اور میں امی کے دوپٹے سے لٹک کر سینڈوچ کی فرمائش کروں۔ میری امی مجھے پیار کریں اور اپنے ہاتھوں سے سینڈوچ بنا کر کھلائیں۔پھر میں بابا سے پارک جانے کی ضد کروں اور وہ بھی میرے نخرے اٹھائیں۔میں سارا دن گھر میں بھاگتا دوڑتا پھروں اور گھر سر پر اٹھا کر رکھوں۔شرارتیں کروں، آپی کو تنگ کروں، چھوٹے بھائی کے ساتھ کھیلوں۔

مگر۔۔۔۔۔! ایسا کچھ نہیں ہوا۔۔کیا یہ سب اتنی جلدی گزر گیا؟میں بے یقینی کے عالم میں اسکول کے آخری دن کے لیے تیار ہونے لگا۔میری آنکھوں کے سامنے وہ تمام مناظر گھومنے لگے۔کلاس میں ہنسی مذاق کرنا، بریک ٹائم میں ساتھ لنچ کرنا، دنیا جہاں کی باتیں کرنا، اساتذہ سے مار کھانا، کلاس کے باہر سزامیں کھڑا ہونا، لیکچر کے دوران بھی کوئی کھیل کھیلنا، رزلٹ والے دن زیادہ نمبر آنے کی دعا مانگنا، دوستوں کو اپنے راز بتانا، مختلف مقابلوں میں حصہ لینا اور نہ جانے کیا کچھ کرنا۔کیا یہ سب ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا؟؟ دو آنسو ٹوٹ کر میرے گریبان میں جذب ہو گئے۔اگر میرے پاس ہزار زندگیاں ہوتی تو میں ہزار کی ہزار چھوٹا رہ کر گزار لیتا۔میں خود کو حقیقت تسلیم کرنے کے لیے ذہنی طور پر تیار کرنے لگا۔مگر اس دن مجھے سمجھ آیا کہ یہی زندگی کا سب سے بڑا راز ہے سب سے بڑی حقیقت ہے جس طرح مجھے زندگی کے سولہ سال گزرنے کا پتہ نہ چلا شاید اسی طرح زندگی گزرنے کا بھی پتہ نہ چلے۔پھر جب ہم بڑھاپے میں بستر پر پڑے موت کے دروازے پر دستک دے رہے ہوں تب بھی یہی خیال ہمیں اپنی زندگی کے متعلق بھی آئے اور ہم یہ کہہ رہے ہوں کہ زندگی کیسے گزری۔پھر ہم پچھتائیں گے کہ کاش اپنی زندگی میں کچھ بڑے کام کر لیتے۔اور اس کیفیت کے ساتھ ہم اس جہاں سے رخصت ہو جائیں۔کبھی کبھی ایسا لگتا ہے کہ سب کچھ چند لمحوں میں ہوگیا۔لیکن یہی زندگی کی تلخ حقیقت ہے۔ یہ کیفیت انتہائی فکر انگیز ہے۔اس پر غور کریں اور کل کے لئے کچھ اچھا کریں تاکہ کل کو ہم پچھتاوے اور حسرت سے بچ سکیں۔

زندگی انساں کی ہے مانند مرغ خوش نوا
شاخ پر بیٹھا کوئی دم چہچہایا اڑ گیا

# قرآن کی فضیلت

## عبدالحسیب (نہم آبی)

قرآن مجید اللہ تعالی کی آخری الہامی کتاب ہے جو اللہ تعالی نے اپنے محبوب نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی ہے۔ جس طرح اللہ تعالی کی ذات عظمت و بزرگی والی ہے اسی طرح اس کی کتاب بھی عظیم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کے فضیلت کے بارے میں قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰـفِظُوۡنَ

ترجمہ: بے شک ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور بے شک ہم خود اس کی حفاظت کرنے والے ہیں ۔

قرآن مجید ایک بابرکت کتاب ہے۔ اس کی شان دنیا کی تمام کتابوں سے بڑھ کر ہے۔ اس کتاب کے مسلمانوں پر حقوق عائد ہوتے ہیں جن کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ ہمیں قرآن مجید پر عمل کرنا چاہیے،اس کی تعلیم کو عام کرنا چاہیے اور اس کے انفرادی و اجتماعی سطح پر نافذ کرنا چاہیے۔

قرآن مجید قیامت تک آنے والی تمام انسانیت کے لیے مکمل دستور حیات، دائمی و عالمگیری قانون ہے۔ قرآن کریم زندگی کے تمام شعبہ جات میں انسانوں کو رہنمائی فراہم کرتا ہے۔قرآن مجید سے ہمارا تعلق مضبوط سے مضبوط ہونا چاہیے۔ مگر کفار کی اکثروبیشتر قرآن مجید کی بے حرمتی کا ارتکاب کرتے نظرآتے ہیں،چونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہی وہ کتاب ہے کہ جس میں زندگی کے ہرپہلو کے حوالے سے رہنمائی موجود ہے۔وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگرمسلمانوں نے اس کتاب پر عمل کرناشروع کردیا تو ایک بار پھر دنیا کی امامت اور قیادت ان کے ہاتھ آئے گی۔جب کہ حقیقی تصویری یہ ہے کہ آج کے مسلمان قرآن سے دور ہوتے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے وہ تنزلی کا شکار ہیں۔ اقبال نے کیا خوب کہا تھا کہ

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر

ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان قرآن کریم سے اپنا رشتہ مضبوط سے مضبوط کریں،اس کی تلاوت کریں،اس کامفہوم سمجھیں، قرآن کے دروس کے حلقہ جات قائم کریں اورقرآن کے پیغام کو عام کریں۔یقیناً اس کے نتیجے میں مسلمان اپنے کھوئے ہوئے مقام کو دوبارہ سے حاصل کرسکتے ہیں۔

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مردِ مسلماں
اللہ کرے تجھ کو عطا جدتِ کردار

## آزاد پرندہ

## محمداحمد (ششم زرد)

جب میں اور بابا جمعے کی نماز کے بعد گھر جا رہے تھے تو مجھے ایک آواز سنائی دی۔میں نے ادھر اُدھر دیکھا تو ایک درخت کے نیچے ایک زخمی کبوتر بیٹھا تھا۔ وہ تکلیف کی وجہ سے دردبھری آوازیں نکال رہا تھا ۔ میں نے بابا سے کہا کہ بابا! ہمیں اس کبوتر کی مدد کرنی چاہیں۔ بابا نے بھی مجھے شاباش کہتے ہوئے جواب دیا کہ ہمیں واقعی اس کی مدد کرنی چاہیے کیوں کہ کسی کی مدد کرنا اخلاقی فریضہ ہے۔ بھلے ہی وہ انسان ہو یا اللہ کا کوئی معصوم جانور۔ یہ کہتے ہوئے بابا نے اُس کو ہاتھ میں اُٹھا لیا اور ہم اُسے گھرلے آئے۔

میں نے ماما سے کہا ماما! اُس کی چوٹ پر پٹی کر دیں ۔ تو ماما نے جلدی سے ہلدی والا لیپ کرکے پٹی باندھ دی۔ اُسے میں نے کچن سے لے کر کھانا بھی کھلایا ۔ وہ کبوتر آٹھ دن تک ہمارے گھر پر ہی رہا ۔ اُس کے بعد الحمد اللہ اُسکی چوٹ ٹھیک ہوگئی۔ میرا اُس کبوتر سے دل لگ گیا تھا ۔ میں روز شام میں اُسکے ساتھ کھیلتا اُسے کھانا کھلاتا اور پانی پلاتا۔ بابا نے مجھے سمجھایا کہ یہ آزاد پرندہ ہے اورپرندے آزاد ہی اچھے اوربھلے معلوم ہوتے ہیں ۔کیوں کہ قید انھیں پسندنہیں۔جیساکہ علامہ اقبال نے اپنی نظم "پرندے کی فریاد" میں اس کی بہترین منظرکشی کی ہے۔

کیا بدنصیب ہوں میں ،گھر کوترس رہاہوں
ساتھی توہیں وطن میں، میں قید میں پڑاہوں

ہمیں اب اسے آزاد کر دینا چاہیے۔ میں نے بابا کی بات مان لی اور ہم نے اُسے ہوا میں چھوڑدیا۔ اب اکثر کبوتر دانہ پانی لینے ہماری بالکونی میں آتاہے۔ اس لیے میں اُسکے دانہ پانی کا خیال رکھتا ہوں۔

## محسنِ انسانیت (سیرتِ مصطفیٰ ﷺ)

## شایان (ہفتم سبز)

خاتم المرسلین حضرت محمد ﷺ وہ ذات ہے جس کی وجہ سے عرب میں نکھار اور بہار آگئی۔ جہالت کے گھٹا ٹوپ اندھیرے ختم ہو گئے۔ امن و سکون کا پیغام عرب سے نکل کر پوری کائنات میں پھیل گیا۔ آپ کی سیرت نہ صرف عرب بلکہ پوری دنیا کے لیےنمونہ بن گئی اور آپ انسان کامل کہلائے۔

" اللہ تعالی نے فرمایا: "اور آپ ( محمد ﷺ) اخلاق کے اعلیٰ درجے پر قائم ہیں۔

آپ ﷺ ہر کسی کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آتے تھے۔آپ ﷺ یتیموں ،غلاموں کی سرپرستی کرتے،محتاجوں کی مدد کرتے،بے سہاروں کا سہارابنتے ۔

سلام اُس پر کہ جس نے بے کسوں کی دستگیری کی
سلام اُس پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی
سلا م اُس کہ اسرارِ محبت جس نے سمجھائے
سلام اُس پر کہ جس نے زخم کھاکرپھول برسائے

مسلم اورکافرہر ایک آپ کے اخلاق سے متاثر تھا۔آپ کے اخلاق کے واقعات سے کتابیں بھری ہوئی ہیں جن میں سے چند ذیل میں مذکورہیں:

ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ عید کی نماز پڑھ کر واپس آرہے تھے کہ آپ نے ایک بچے کو دیکھا جو مایوسی کی حالت میں بیٹھا تھا۔ آپ اس کے پاس گئے،اس کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرا اوراسے اپنے ساتھ گھر لے آئے۔

اسی طرح ایک مرتبہ ایک حبشی کی آنکھوں پر آپؐ نے ہاتھ رکھا اس نے کہا کہ یا رسول اللہ! یہ آپ ہیں۔آپ کے دریافت کرنے کے بعد اس نے بتایا کہ سوائے آپ کے مجھ سے کوئی اس طرح محبت نہیں کرتا۔

رسول اکرم ﷺ کی زندگی امتِ مسلمہ کے لیے بہترین نمونہ ہے۔

## مفلس گورنر(سیرتِ صحابہؓ)

## محمداسعد حسین (ہفتم آبی)

حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت سعید بن عامرؓ کو شام کے صوبے حمص کا گورنر مقرر فرمایا اور ان کے لیے کچھ معاوضہ مقرر کرنا چاہا ۔ حضرت "سعیدؓ نے یہ کہہ کر معاوضہ لینے سے انکار کردیا کہ" مجھے بیت المال سے جو کچھ ملتا ہے ، وہ بھی میری ضرورت سے زیادہ ہے۔

کچھ عرصے کے بعد امیر المؤمنین حضرت عمرؓ سے حمص کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے انہیں حکم دیا کہ ان افراد کے نام لکھ کر دو، جو مفلس اور نادار ہیں۔ وفد نے تعمیل کرتے ہوئے ایک فہرست پیش کی جس میں سعید بن عامرؓ کا نام بھی موجود تھا ۔ آپ "نے پوچھا "کون سعید بن عامر؟

انھوں نے بتایا : "ہمارا گورنر "۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: "آپ کا گورنر مفلس ہے؟ " انھوں نے کہا : " جی ہاں! ان کے گھر کئی کئی دن چولھے میں آگ نہیں جلتی۔" یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے ۔ پھر ایک تھیلی میں ایک ہزار دینار رکھ کر اُن کے لیے بھجوا دیے کہ اس سے اپنی ضروریات کو پورا کر لیں حضرت سعید بن عامرؓ کو تھیلی ملی تو کہنے لگے : "انّا للہ وانا الیہ راجعون" ۔ ان کی بیوی نے گھبرا کر پوچھا "کیا سانحہ رونما ہو گیا؟" تو فرمایا کہ" میرے گھر دنیا آگئی ہے تاکہ میری آخرت بگاڑ دے۔ میرے گھر فتنہ آگیا ۔" بیوی نے کہا کہ آپ اس فتنے سے چھٹکارا حاصل کر لیں ۔ پھر ان دونوں نے دینار متعدد تھیلیوں میں بند کیے اور غریب مسلمانوں میں تقسیم کر دیے۔ اس سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں سادگی اختیار کرنی چاہیے۔

## شجاعت کی علامت(سیرتِ صحابہؓ)

## حسان آصف (ہفتم سبز)

حضرت عمر بن خطابؓ کی پیدائش عام الفیل کے تیرہ برس بعد ہوئی اور آپ کاتعلق قبیلہ قریش سے ہے ۔ آپؓ کی کنیت ابو حفص اور لقب فاروق ہے۔ آپ نے 40 مردوں ، 11 عورتوں یا 45 مردوں اور 11 عورتوں۔ کے بعد اسلام قبول کیا۔آپ کا اسلام قبول کرنا مسلمانوں کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ آپ مرادِ رسولؐ ہیں۔

ایک حدیث مبارکہ میں آپ نے فرمایا: "یا رب عزوجل! عمر بن خطاب اور ابو جہل بن ہشام میں سے جو تجھے پیارا ہو اس سے اسلام کو عزت دے"۔

ایک اور حدیث میں ہے آپ نے فرمایا! " کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا "۔آپ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ بنے۔آپ بہت ہی نڈر اور بہادر تھے۔ کافر آپ سے بہت خوف کھاتے تھے۔آپ کے مسلمان ہونے سے مسلمانوں کے کو ہمت ملی اور مسلمان نماز اور دوسری عبادات بھی کھل کر سب کے سامنے ادا کرنے لگے۔ ہجرت کے موقع پر بھی انھوں نے اعلانیہ طور پر ہجرت کی اور اپنی تلوار ہاتھ میں لیے ہوئے کعبہ کا طواف کرتے ہوئے کہا کہ "کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی بیوی بیوہ ہو جائے اور بچے یتیم ہوجائیں وہ آکر عمر کا راستہ روک کر دیکھ لے"۔مگر کسی کافر کی ہمت نہ ہوئی۔ آپ بہت جلیل القدر صحابی تھے۔ اللہ کے دین کے لیے پیش قدمی کی تو کسریٰ کے آتش کدوں کو بجھا دیا۔ آپ کے زہد و تقویٰ اور عدل وانصاف کے واقعات کی فہرست بہت طویل ہے۔آج بھی امتِ مسلمہ کو حضرت عمرفاروقؓ جیسے عادل حکمران کی ضرورت ہے۔ جو کفار کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر حق بات کر سکیں۔

## سیارے (سائنسی معلومات)

## سیدآروش منور (ہفتم آبی)

اگرہم میدان میں کھڑے ہو کر اوپر دیکھیں تو ہمیں آسمان نظر آتا ہے۔ صاف آسمان پرتارے نظر آتے ہیں، وہ زمین سے کافی فاصلے پر ہیں۔ کچھ تارے بڑے اور چھوٹے ہوتے ہیں۔ آسمان میں پائے جانے والے اجسام کو فلکی اجسام کہا جاتا ہے۔ سورج ایک ستارہ ہے اور باقی سیاروں کی طرح ہماری زمین بھی ایک سیارہ ہے۔ سیارے سورج کے گرد گردش کرتے ہیں کہ ہماری زمیں کے ساتھ اور بھی سات سیارے ہیں جن کے نام زہرا،عطارد، مریخ ، مشتری، زحل، یورینس اور نیپچون ہیں۔سورج کے مقابلے تمام سیارے سورج سے چھوٹے ہیں۔سورج،چاند،ستارے اورسیارے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا مظہر ہیں۔

## ہماری شہ رگ
### محمد عبدالرحمٰن (ششم آبی)

کہتے ہو یہ وادی شہ رگ ہے ہماری
دراصل اس شہ رگ کو تم نے ہی تو کاٹا
کہتے ہو کہ جنت نظیر یہ وادی اجڑ گئی
لیکن حقیقتاً اسے تم ہی نے اجاڑا
کشمیر بھی کہتا ہے کہ بس بہت ہو گیا
کچھ خون ریزوں نے مرا دیا بڑا حوالہ
حقیقت میں مجھے ہے تم ہی نے اجاڑا
میں کیسے مان لوں کہ تم نے مجھے سنبھالا
اب تو کشمیر کی بھی خدا سے ہے یہی دعا
مجھ کو پھر سے بنادے تو جنت کی ہوا

## کیوں؟؟
### محمد عبدالرحمٰن (ششم آبی)

خدا سے کیوں نہیں ڈرتے
دنیا میں عبادت کیوں
نمازیں کیوں نہیں پڑھتے
یہ نیندیں اتنی پیاری کیوں
یہ دل میں اتنی جہالت
امانت میں خیانت کیوں
شہرت سے محبت ہے
خدا سے اتنی دوری کیوں
اگر زندگی یہ دنیا ہے
تو جنت کا تصور کیوں

## میرا اقبال (انتخاب)
### عثمان مصطفیٰ (ششم زرد)

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر
تو شاہین ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

ترے صوفے ہیں افرنگی، ترے قالیں ہیں ایرانیِ
لہُو مجھ کو رُلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی

## ہم دردی (اخلاقی کہانی)

## حافظ شابن احمد صدیقی(ششم آبی)

گاہک دکان میں داخل ہو کر پوچھتا ہے، کیلے کا کیا حساب لگایا ہے؟ دکاندار نے کہا ، سو روپے درجن ۔ اتنے میں ہی ایک بڑھیا دکان میں داخل ہوئی اور پوچھا، کیلے کیا حساب دے رہے ہو؟ دکاندار نے کہا، 30 روپے درجن ۔

وہ بڑھیا سامان لے کر خوشی سے (اب میرے بچے پیٹ بھر کر کھائیں گے)کہتے ہوئے چلی گئی ۔ پہلے گاہک نے کہا، مجھے اتنا مہنگے اور اس بڑھیا کو اتنے سستے کیلے کیوں دیے؟ دکاندار نے کہا: خدا کی قسم میں نے تمھارے ساتھ کچھ غلط نہیں کیا- اصل وہ میں وہ عورت بیوہ تھی اور غریب بھی۔ میں نے صرف اس کی مدد کرنے کی کوشش کی۔ خدا کی شان ہے کہ جب جب یہ بڑھیا دکان پر آتی ہے میری تجوری بھر جاتی ہے۔یہ سن کر گاہک کہنے لگا کہ یہ سچ بات ہے کہ دوسروں کی مدد کا مزہ اسی کو آتا ہے جو اس کی مدد کرتا ہے۔

آپﷺ نے ٹھیک فرمایا کہ بے شک اللہ اس شخص کی مدد کرتا رہتا ہے جو دوسروں کی مدد میں مشغول رہتا ہے۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

## ہفتہ طلبا(روداد)

تعلیم صرف درسی کتب تک محدود نہیں ،بلکہ ہم نصابی سرگرمیاں بھی اس کاضروری حصہ ہوتی ہیں، جن سے طلبا کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی نشوونما ہو تی ہے۔نیزیہ طلبا میں قیادت کی صفات، بلند کرداراور مضبوط اخلاق جیسی صفات پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔عثمان پبلک اسکول سسٹم بھی اپنے طلبا کی صلاحیتوں کو جِلا بخشنے کے لیے مختلف مہمات اورسرگرمیوں کاانعقاد کرتاہے۔اسی سلسلے کی ایک کڑی "ہفتہ طلبا " بھی ہے۔

الحمدللہ! شاخ دوم میں "ہفتہ طلبا" بھر پوراورمؤثراندازمیں منعقدکیا گیا۔جس میں طلبا نے پُرجوش طریقے سے مختلف مقابلہ جات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔یہ سرگرمی شعبہ اردو کی نگرانی میں منعقد کی گئی۔سرگرمیوں کی تفصیلات ذیل میں موجود ہیں:

## تصویریں بولتی ہیں۔(تصویری کہانی)

ابتدائی درجات میں تصاویر کے ذریعے تفہیم کا عمل سہل تر اورمؤثر ماناجاتاہے۔اسی غرض سے "تصویری بولتی ہیں!" کے عنوان کے تحت تصویری کہانیوں کے سیشنز جماعت چہارم اورپنجم کے طلبا کے لیے منعقد کیے گئے۔جن میں طلبا نے مختلف معروف کہانیوں کو تصویری اشارات سے سمجھنے اورانھیں کہانی کے انداز میں بیان کرنے کی کوشش کی ،اس سرگرمی میں پیش کردہ کہانیوں میں طلبا کی سابقہ معلومات لائقِ تحسین اورقابلِ ستایش تھیں۔

## مقابلہ تقریرومنظومات

فنِ خطابت بچوں میں ایک موضوع کا جائزہ لینے، منطقی سوچ پیدا کرنے، بامقصد جملے تخلیق کرنے، سامعین اور ناظرین کے سامنے اپنی سوچ کو پیش اور بیان کرنے کا ہنر پیدا کرتاہے۔ لوگوں کے سامنے تقریر کرنے اور منظومات کو خوش الحانی سے پڑھنے کی صلاحیتیں سیکھ کر بچے کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔اسی مقصد کے پیشِ نظر مقابلہ تقریرومنظومات کاانعقاد کیا گیا۔جس میں ابتدائی مرحلے میں کمرۂ جماعت میں طلبا کے

مابین مقابلے ہوئے۔جن میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا نے بعدازاں حتمی(فائنل) مقابلے میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔

## پیشکش/اظہار کی سرگرمی

اردو زبان جہاں قومی زبان ہونے کی حیثیت سے اپنی اہمیت رکھتی ہے،وہیں انگریزی زبان کو وقت کی اہم ضرورت گرداناجاتاہے۔فی زمانہ اپنے احساسات،خیالات،تصورات اورمافی الضمیر کو انگریزی میں بیان کرنے کی صلاحیت رکھنا قدردانی کے قابل سمجھاجاتاہے۔اسی کے پیشِ نظر طلبا میں انگریزی زبان میں پیشکش اوراظہار کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے یہ سرگرمی منعقد کی گئی ۔ جس میں طلبا نے مختلف موضوعات پر انگریزی میں اظہارِ خیال کیا۔یہ سرگرمی انگریزی کے اساتذہ کے زیرِ نگرانی منعقد کی گئی۔

## پوسٹرسازی

پوسٹرپیغام رسانی کا ایک مؤثرذریعہ ہے۔کسی بھی اہم پیغام کو پوسٹر پر تحریر/عکس بندی/منظرکشی کے ذریعے آسانی سے سمجھایاجاسکتاہے۔اسی غرض سے پوسٹر سازی کی سرگرمی منعقد کی گئی۔ طلبا کی جانب سے دیدہ زیب اور مرصّع پوسٹرز بنائے گئے۔جن میں نمایاں اور بہتر کام کو تختہ نرم کی زینت بنایاگیا۔

## یومِ سقوطِ ڈھاکہ پروگرام

16 دسمبر 1971ء "یومِ سقوطِ ڈھاکہ" ہماری قومی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے۔جس دن مشرقی پاکستان ہم سے علیحدہ ہوگیا۔سقوطِ ڈھاکہ کے اسباب اور موجود حالات میں ہماری ذمہ داریوں سے متعلق آگاہی کے لیے شاخ دوم میں خصوصی پروگرام کاانعقاد کیاگیا۔ جس میں مہمانِ خصوصی جناب عاصم علی یوسف (اکیڈمک ڈائرکٹر) نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے طلبا کو سقوطِ ڈھاکہ کے تاریخی حقائق پرمؤثرانداز میں روشنی ڈالی۔پروگرام سے پرنسپل شاخ دوم جناب خالد زمان شیخ نے طلبا سے خطاب کیا۔اس دوران مختلف طلبا پوسٹرز/پلے کارڈز اٹھائے سقوطِ ڈھاکہ کا پیغام طلبا تک پہنچاتے نظرآئے۔

## اختتامی تقریب

ابتدائی مقابلہ جات میں کام یابی پانے والے طلبا کے حتمی مقابلے کے لیے خصوصی پروگرام منعقد کیاگیا۔ جس میں مہمانِ خصوصی جناب انتصار احمدغوری (ڈائرکٹرپلاننگ اینڈ کاؤنسلنگ) نے خصوصی شرکت کی۔آپ نے طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔آخر میں پرنسپل شاخ دوم جناب خالد زمان شیخ نے کام یاب طلبا کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انھیں مستقبل میں ہم نصابی سرگرمیوں میں پیش پیش رہنے کے حوالے سے ترغیب دی۔دعا سے پروگرام کا اختتام ہوا۔

## بین المدارس مقابلہ شعروسخن

انسان حیوانِ ناطق ہے جسے بامعنٰی گفتگو کا سلیقہ عطاکیاگیاہے۔استعارات وتشبیہات سے کام لے کر مختصرالفاظ میں اپنا مدعا بیان کرنے کا فن بھی سکھایاگیاہے۔نثرنگاری کے ساتھ شاعری بھی اظہار کے ذرائع میں مؤثرترین ذریعہ ہے۔جس کے ذریعے انسان اپنے مافی الضمیر کو دل چسپ اور مختصر لفظوں میں دوسرے انسان تک پہنچاتاہے

انھیں متاثر کرتاہے اوربڑی حد تک قائل بھی کرتاہے۔شعرگوئی کی اہمیت کو جانتے ہوئے عثمان پبلک اسکول سسٹم کے تحت جماعت پنجم کے طلبا کے لیے بین المدارس "مقابلہ شعروسخن" منعقد کیاگیا۔جس میں ابتدائی مراحل میں شاخوں کی سطح پر سیکشن کے طلبا کے مابین یہ مقابلے منعقد ہوئے ،جس کے بعد دوسرے مرحلے میں ان سیکشنز سے کام یاب ہونے والے طلبا کے درمیان کیمپس کی سطح پر مرکزی مقابلہ ہوا جس میں سے ہر کیمپس سے دو طلبا کام یاب ہوکر حتمی مقابلے کے لیے منتخب ہوئے۔مرکزی مقابلے کی میزبانی شاخ دوم نے کی ۔حتمی مقابلے کو بہت ہی منظم انداز میں ترتیب دیاگیا۔مقابلے کے اصول وضوابط ،طریق کار اورتمام مراحل سے طلبا کو پیشگی آگاہ کردیاگیاتھا۔مقابلے میں ان شاخوں سے طلبا شریک ہوئے:

☆ شاخ 02 ☆ شاخ 09 ☆ شاخ 13 ☆ شاخ 23 ☆ شاخ 27 ☆ شاخ 34 ☆ شاخ 35☆ شاخ 38☆ شاخ 40 ☆ شاخ 47

مقابلے میں طلبا کو کئی مراحل سے گزاراگیا جس کی تفصیلا ت ذیل میں موجود ہیں

تمام طلبا نے کلامِ اقبال سے اپنی پسند کے اشعار سنائے۔

☆ٹوکری میں موجود پرچیوں میں سے اپنی پسند کی پرچیاں منتخب کرکے حروفِ تہجی کے اعتبار سے اشعار سنائے۔

☆ٹوکری میں موجود پرچیوں میں سے اپنی پسند کی پرچیاں منتخب کرکے عنوانات کے اعتبار سے اشعار سنائے۔

☆ٹوکری میں موجود پرچیوں میں سے اپنی پسند کی پرچیاں منتخب کرکے ان پر تحریر شدہ اشعار کے پہلے مصرعے کو دیکھ کر دوسرے مصرعے سنائے۔

☆ہر ٹیم کے دونوں طلبا نے ٹوکری میں موجود پرچیوں میں سے اپنی پسند کی پرچیاں منتخب کرکے ان پر تحریر شدہ اشعار کے پہلے مصرعے کو دیکھ کر دوسرے مصرعے سنائے۔

☆ان تمام مراحل میں مختلف ٹیمیں مقابلے سے باہر ہوتی گئیں۔

☆مقابلے کے آخری مرحلے میں تین شاخوں کے مابین اول دوم سوم کے درجات کو پانے کے لیے مقابلہ ہوا جس میں شاخ 2 نے اول ، شاخ 9 نے دوم جب کہ شاخ 40 نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

آخر میں پرنسپل شاخ دوم جناب خالدزمان شیخ نے مختلف شاخوں سے تشریف لانے والے معلمینِ اردو کو خوش آمدید کہا اورتمام ہی طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بالخصوص مقابلے میں کام یابی پانے والے طلبا کو دادوتحسین سے نوازا۔

## ہفتۂ کھیل (Sports Week)

ایک صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتاہے۔اسی طرح اسلام میں بھی کمزور مومن کے مقابلے میں طاقت ور اورتوانا مومن کو پسند کیا گیا ہے۔ اسی غرض سے تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جاتاہے۔عثمان پبلک اسکول سسٹم بھی اپنے طلبا کی ذہنی و جسمانی صلاحیتوں کو اجاگرکرنے کے لیے مختلف جسمانی (Physical) مہمات اورسرگرمیوں کاانعقاد کرتاہے۔اسی سلسلے کی ایک کڑی "ہفتۂ کھیل " بھی ہے۔الحمدللہ! شاخ دوم میں "ہفتۂ کھیل (Sports Week) " پُرجوش اندازمیں منعقدکیاگیا۔جس میں طلبا نے مختلف مقابلہ جات میں بڑھ چڑھ کرحصہ لیا۔جیتنے والوں نے داد پائی جب کہ ناکام ہونے والوں کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔سرگرمیوں کی تفصیلات ذیل میں موجود ہیں:

## کرکٹ(CRICKET)

خالد ہاؤس:IV-V جماعت چہارم و پنجم

قاسم ہاؤس:VI جماعت ششم

قاسم ہاؤس:VII-VIII جماعت ہفتم و ہشتم

قاسم ہاؤس:IX-X جماعت نہم و دہم

(XII-B) دواز دہم آبی:XI-XII جماعت یازدہم/دوازدہم

فٹبال

جناح ہاؤس:IV-V جماعت چہارم و پنجم

خالد ہاؤس:VI جماعت ششم

خالد ہاؤس:VII-VIII جماعت ہفتم و ہشتم

خالد ہاؤس:IX-X جماعت نہم و دہم

(XII-G) دواز دہم سبز:XI-XII جماعت یازدہم/دوازدہم

رسّہ کشی

خالد ہاؤس:IV-V جماعت چہارم و پنجم

قاسم ہاؤس:VI جماعت ششم

خالد ہاؤس:VII-VIII جماعت ہفتم و ہشتم

جناح ہاؤس:IX-X جماعت نہم و دہم

XI-XII جماعت یازدہم/دوازدہم

(XI-G) یاز دہم سبز:

درج بالا مقابلہ جات کے علاوہ مزید کچھ دل چسپ سرگرمیاں بھی منعقد کی گئیں،جن میں طلبا پُرجوش انداز میں شریک ہوئے:

سو میٹر دوڑ کا مقابلہ-پیچھے دوڑ کامقابلہ- بوری دوڑ کا مقابلہ- لنگڑی دوڑ کا مقابلہ

## اختتامی تقریب

کھیلوں کے مقابلہ جات میں کام یابی پانے والے طلبا کے اعزاز میں ایک پُروقار تقریب منعقد کی گئی۔جس میں کام یاب طلبا کو میڈلز سے نوازاگیا۔تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب احمد صمد خان(ڈپٹی ڈائرکٹراکیڈمک ) تھے۔اس کے علاوہ جناب انتصار احمد غوری (ڈائرکٹرپلاننگ اینڈ کاؤنسلنگ) نے خصوصی شرکت کی۔مہمانان نے طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کھیلوں کی سرگرمیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔آخر میں پرنسپل شاخ دوم جناب خالد زمان شیخ نے کام یاب طلبا کی کوششوں کو سراہنے کے ساتھ ہفتہ کھیل کے انچارج اور ان کے معاون جناب نعیم اختر کا خصوصی شکریہ اداکیا۔دعا سے پروگرام کا اختتام ہوا۔

## کشمیر پکار رہا محمد طٰحٰہ صدیقی (یازدہم)

پاکستان کے شمال میں موجود وادی کشمیر آج سے نہیں برسوں سے لہو لہو ہے۔ 1942ء سے اب تک کشمیر کے لوگ آزادی کے لیے جنگ لڑرہے ہیں۔ دو قومی نظریہ کی روشنی میں پاکستان بن تو گیا لیکن کشمیر آج بھی آزادی کا منتظر ہے۔ اس کے بر عکس ہمارے حکمران کبوتروں کی طرح آنکھیں موندے ہوئے ہیں اور "سب ٹھیک ہے" کا راگ الاپ رہے ہیں۔ کشمیر پکار رہا ہے ہے۔

آنسوؤں اور آہوں کی روداد سن
رب کونین میری بھی فریاد سن
آج میں دہر میں سب سے مظلوم ہوں
حق پہ ہوتے ہوئے حق سے محروم ہوں

آج بھارت غالب بن کر ، ظالم بن کر اور جابر بن کر وادی کشمیر جنت نظیر کے مسلمانوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ رہا ہے ۔ وادی کشمیر کا ایک بڑاحصہ مسلم آبادی پر مشتمل ہونے کے باوجود ابھی تک کشمیر بھارت کے ظالمانہ تسلط میں ہے۔

مسلمانانِ کشمیر زخموں سے چور چور ہیں۔ عرصہ دراز سے اپنے گھر وں میں محصورہیں۔ نماز جمعہ سمیت کہیں پنج وقتہ نماز پڑھنے پر پابندی ہے تو کہیں کرفیو کی فضا ہے۔سلگتے چنار اور گولیوں کی تر تراہٹ نے انسانیت کا جینا دوبھر کردیا ہے۔لیکن یہ سوال تو ہم سے ہوگا۔مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں بھی پیش کیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اس کا واحد حل کشمیری عوام کی رائے شماری کی صورت میں نکالا جائے۔ لیکن بھارتی درندے اپنے آقا مودی کے حکم پر کشمیریوں کے گھر مسمار کر کے ہندو آباد کاری کے قانون بنانے میں مصروف ہیں۔لیکن ان شاء اللہ بھارت ناکام ہوگا اورفتح کشمیری مسلمانوں کی ہوگی۔

صفدر اک دن آزادی کا سورج دیکھنا نکلے گا
بزدل بھارت کااندھیرا خود اس کو ہی نگلے گا

## بلدیاتی انتخابات(تاخیری حربے/نتائج/امیدیں)

### محمد احمد صمد خان (دوازدہم سبز)

بلدیاتی انتخابات کسی بھی شہر کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں جس کے ذریعے شہر میں ترقیاتی کام ہوتے ہیں۔شہر کے نمائندے اپنے شہر کے مسائل خود حل کرتے ہیں۔گلی محلوں میں صفائی کا کام سڑکوں کی مرمت، پارکوں کا قیام، سرکاری اسکولوں میں عملے کی حاضری، سڑکوں پر ٹرانسپورٹ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے حکومتی فنڈ کو عوام کے مسائل جانتے ہوئے خرچ کرنا اصل میں بلدیاتی انتخابات کے مقاصد میں شامل ہیں۔بلدیاتی قوانین تبدیل ہونے کے بعد کراچی میں یہ تیسرے انتخابات ہونے جارہے ہیں۔ہمیشہ کی طرح اس بار بھی سندھ حکومت بلدیاتی انتخابات کروانے کے حق میں نہ تھی مگر سیاسی پارٹیوں اور عوامی دباؤاور احتجاج کے نتیجے میں انتخابات کروانے پڑے۔ مگر پہلے پہل تو انھوں نے سارے اختیارات کو حکومت کے حوالے کر دیا اور ایک طرح سے ایک بے اختیار میئر بنانے کی سازش کی جس کےجواب میں ساری تنظیموں بالخصوص جماعت اسلامی نے ایک بھرپوراور پُرامن دھرنا دیا جس کی وجہ سے میئر کے کچھ اختیارات واپس کر دیے گئے ۔ اس کے بعد بھی تاریخ پر تاریخ دینے اورمختلف حیلوں اوربہانوں سے انتخابات کو ٹالنے کی کوشش کی جاتی رہی مگر عوامی دباؤ اور منظم جدوجہد کے نتیجے میں انتخابات کروانے پڑے اوراس بار عوام نے ایمان دار اوردیانت دار لوگوں پر اعتماد کیا اور جماعت اسلامی سب سے زیادہ نشستیں لینے میں کامیاب ہوئی۔ اس پورے عمل کے باوجود انتخابات کو متنازعہ بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔اگر اب بھی کراچی کے حال پر رحم نہ کیا گیا تو کراچی جو

اس ملک کے معاشی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتاہے، اس کا حال خراب تر ہوجائے گا۔ضرورت اس امر کی ہے منتخب بلدیاتی نمائندوں کو ان کے مکمل اختیارات کے ساتھ کام کرنے،اس شہر کو سنوارنے، سجانے ،مہکانے اوراسے پھر سے روشنیوں کا شہر بنانے دیاجائے تاکہ کراچی کے عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔نتیجے میں اس ملک کی معیشت مضبوط اورملک مستحکم ہوتانظرآئے گا۔

حق دوکراچی

بدلو کراچی کو

## غفلت کا نتیجہ

## معاویہ ہاشمی(ہشتم زرد)

انسانی زندگی میں حادثات و واقعات روزانہ رونما ہوتے ہیں۔ بعض حادثات اس قسم کے ہوتے ہیں جن کے نقوش دل و دماغ پر ثبت ہو جاتے ہیں اور تادم مرگ نہیں مٹتے۔ اسی قسم کا ایک واقعہ میری زندگی میں پیش آیا۔ یہ واقعہ جس کو میں بھلانا چاہوں تب بھی نہیں بھلا سکتا ۔میرے امتحانات قریب تھے۔ جن کے لیے میری کوئی تیاری نہ تھی چند طلبا نے گمراہی کی پٹی میری آنکھوں پر باندھ دی۔ مجھے ہر وقت کھیل کود اور آوارہ گردی میں الجھائے رکھا۔یہاں تک کے امتحان کا وقت آ پہنچا۔

امتحانات شروع ہو تے ہی میرے آنکھوں پر بندھی غفلت کی پٹی آہستہ آہستہ کھلتی چلی گئی اور میرا نتیجہ صفر تھا۔کمرہ جماعت میں جب استاد پڑھایا کرتے تو ہم خواب غفلت میں ڈوبے ہوتے لیکن آج جب نتیجہ ہاتھ آیا تو پیروں تلے زمین نکل گئی اور اب استاد کی ایک ایک بات یاد آرہی تھی اور استاد کا وہ سبق بھی یاد آگیا کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے جو بوؤ گے وہ کاٹو گے۔یکایک مجھے احساس ہوا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ زندگی کی غفلت میں آخرت کا نتیجہ بھی صفر رہے۔اسی دم میں نے عزمِ مصمّم کرلیا کہ اب سے ہر کام وقت پر کروں گا اور اللہ تعالیٰ کے سارے فرائض کی بھی پابندی کروں گا تاکہ میں آخرت میں سرخروہوسکوں۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

## یادگارسفر

## فصیح الرحمٰن (ہشتم آبی)

ٹی وی پر پاکستان کے تاریخی شہر لاہور کے حسین مناظر سے لطف اندوز ہونے کے بعد ہم نے ان مناظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کا فیصلہ کیا اور یوں دودن بعد ہم اپنی تیاری مکمل کرکے گاڑی میں بیٹھ کر لاہور کی جانب چل دیے۔ ہم نے ضرورت کی تمام اشیاء اپنے ساتھ لیں اورگھر کو الوداع کہا۔ کئی گھنٹوں کے سفر کے بعد ہم لاہور پہنچ گئے۔سرائےخانے میں آرام و بعام کے بعد تفریح گاہوں کا رخ کیا۔ سنا ہے پاکستان کا شہر لاہور شام کے وقت بہت خوبصورت لگتا ہے ۔اسی غرض سے سب سے پہلے ہم نے شاہی قلعے کا رخ کیا۔ کئی سالوں پرانا قلعہ اور اس کی دیواریں آج بھی بہت مضبوط تھیں اور یہ قلعہ شاہی قلعہ کے نام سے پہچانا جاتا ہے ۔ یہاں ایک گائیڈنے ہماری رہنمائی کی اور پورے قلعے کی سیر کروائی ۔ اس نے ہمیں اس قلعے سے متعلق ساری معلومات فراہم کیں۔ اس کے بعد ہم نے یہاں کے عجائب گھر کی سیر کی، جہاں بادشاہوں کے زمانے کے معیار، اور ان کے استعمال کی خاص وعام چیزیں موجود تھیں۔ہم نے ان تمام جگہوں کو اپنے کیمرے میں محفوظ کیا اور پھر بادشاہی مسجد پہنچ گئے ۔ یہاں ہم نے نماز عصر ادا کی اور دوبارہ ہم سرائے خانے پہنچ گئے۔ بادشاہی مسجد اور شاہی قلعہ دیکھنے کے بعد ہم واپسی کے سفر پر روانہ ہوئے۔یہ سفر میری زندگی کاایک یادگاراورشان دار سفر تھا جسے میں کبھی نہیں بھلاسکوں گا۔ اورویسے بھی کہتے ہیں کہ حسین اورخوب صورت یادیں کبھی نہیں بھلانی چاہییں۔

## بین المدارس مقابلہ جات میں شاخ دوم کے اعزازات

| | |
|---|---|
| مقابلہ مضمون نویسی۔ | پہلی اور تیسری پوزیشن |
| مقابلہ شعر و سخن۔ | پہلی پوزیشن |
| مقابلہ مصوری۔ | پہلی پوزیشن |
| فٹبال۔ | پہلی پوزیشن(ونر) |
| کرکٹ۔ | دوسری پوزیشن (رنزاَپ) |
| خطاطی۔ | پہلی ،دوسری اور تیسری پوزیشن |
| آرٹ۔ | پہلی ،دوسری اور تیسری پوزیشن |
| Math Olympiad۔ | دوسری پوزیشن |

# GALLERY









KINEMASTER


KINEMASTER


بین المدارس








بین المدارس
مقابلہ شعروسخن


UPSS
بین المدارس
مقابلہ شعروسخن






USMAN PUBLIC




PARTY


UPSS
PARTY


INTER CAMPUS
CRICKET
TOURNAMENT 2022
USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM
























VOTE 4
BOOK


Vote for
























مقابلہ
مضمون نویسی







